Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جزء مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۸ شعبان المعظم ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۴ر نومبر ۱۹۳۶ء (جلد)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری رخصت عالی مرتبت خان بہادر مسٹر محمود الحسن صاحب "چیف منسٹر"	
۲	" حسابات ریگرانٹ وغیرہ	
۳	" ترمیم قانون ضابطہ فوجداری رامپور ۱۹۳۶ء	
۴	" توسیع مدت ڈیپوٹیشن صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	تقرر ڈاکٹر عطاء محی الدین عہدہ سب اسسٹنٹ سرجن	۲
۲	تقرر آٹھ کس پیڈ اپرنٹیان (محکمہ مال)	۰
۳	الاؤنس اسرار محمد خان بعوض کارگزاری نائب جیلر	"
۴	تعین آخر تاریخ وصول بر آورد وغیرہ	۵

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	رخصت محمد شفیع نائب سپرنٹنڈنٹ آڈٹ	۶
۲	" مولوی ... صاحب مرحوم ... سول جج	"

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۹ نومبر ۱۹۳۶ء

مزید عرضداشت عالی مرتبت مسٹر رشید حسین صاحب بہادر وزیر چیف منسٹر بابت مزید رخصت صادر حکم منظوری رخصت مزید رعایتی سولہ یوم عطیہ عالی مرتبت خان بہادر مسٹر مسعود الحسن صاحب چیف منسٹر از ۲۲ تا ۲۸ نومبر ۱۹۳۶ء بوجہ بقائے علالت بانتظام سابقہ۔

بموجب رپورٹ عالی مرتبت خانبہادر مسٹر مسعود الحسن صاحب بہادر چیف منسٹر کی رخصت رعایتی مزید سولہ یوم تا ۲۲ نومبر ۱۹۳۶ء بانتظام موجودہ منظور۔ حسب دستور سابق احکام ضابطہ جاری ہوں ساتھ نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۹ نومبر ۱۹۳۶ء

۱- منسلکہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس بھیجے جاویں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض — بہر ساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں گرانٹ متعلق حسابات اپریل ۱۹۳۶ء سپلیمنٹری و حسابات ریگرانٹ ۱۹۳۴-۳۵ء و سنین ماقبل و دوم امانت یعنی ریگرانٹ ۱۹۳۶-۳۷ء سوم نقد رقوم اپریل سپلیمنٹری خارج از بجٹ پیش ہوکر طے ہوا کہ :-

۱- حسابات متعلقہ ۱۹۳۵-۳۶ء جو اس وقت زیر ادائیگی باقی ہیں وہ علاوہ رقوم لمپسم بمد ریزرو از بجٹ حرف شدہ کے کل حسابات اندرون بجٹ ہائے متعلقہ ہیں مسال حسابی ۱۹۳۵-۳۶ء یعنی ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء کو بند ہوگیا اسلئے یہ اکثر حسابات اندرون بجٹ حسب منظوری عارضی سابقہ درج خرچ ہوچکے ہیں۔ اور کچھ حسابات باقی ہیں جنکی وہ اسلئے حسب قاعدہ پرسش گورنمنٹ اپریل سپلیمنٹری ہیں کہ اجراء کی ضرورت ہے بسال حال میں بابت تا حیثیت سپلیمنٹری کی آخری تاریخ ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء مقرر ہونا مناسب ہے۔ آیندہ سالوں میں اسکی ترمیم کافی ہوگی۔

۲- سپلیمنٹری سال ۱۹۳۴-۳۵ء و سنین ماقبل کے حسابات بھی اندرون بجٹ ہائے متعلقہ ہیں جو حسابات باقی ہیں انکے لئے بھی منظوری ضابطہ صادر ہونیکی ضرورت ہے۔ کہ ریگرانٹ کے باقی حسابات اپریل ۱۹۳۶ء سپلیمنٹری ریگرانٹ کے تحت مجرا پائیں۔

۳- تجاویز امانت کی دوم قسم یعنی اس حکم شدہ میں ... تعدادی للوم ... متعلقہ ... تعدادی حصہ کی ... ہوچکا ہے

منظوری سال حال میں بطور ریگرانٹ ۳۷-۱۹۳۶ء ہونے کی ضرورت ہے۔

۲۔ مبلغ [illegible] کی رقم منظور شدہ بجٹ سے متجاوز ہے جسکے متعلق کارروائی ضرور ہونا چاہیئے کونسل کو امور مندرجہ ذیل سے اتفاق ہے۔

اول برٹش گورنمنٹ کے ریاست ہذا میں بھی آئندہ کے لئے اپریل سے لغیری کا طریقہ جاری کیا جائے جسکی آخری تاریخ امسال ۳۰ نومبر ۱۹۳۶ء ہوگی۔ اور ہر سال آئندہ ۳۱ جولائی ہوا کریگی

۲۔ ریگرانٹ ۳۶-۱۹۳۵ء بشمول [illegible] کے باقی حسابات اپریل ۱۹۳۶ء سے لغیری ریگرانٹ کے تحت مجرا کئے جائیں۔

۳۔ رقوم اسکیم [illegible] ذیل شاہ آباد و تعدادی [illegible] کل [illegible] سال حال میں بطور ریگرانٹ ۳۷-۱۹۳۶ء منظور کئے جائیں۔

۴۔ رقم اپریل سے لغیری [illegible] تعدادی [illegible] قابل منظوری [illegible] منشی صاحبان بہادر کو ہدایت کیا جائے کہ [illegible] کوئی رقم کسی حال میں بھی صرف کرنا [illegible] ہے

لہذا ترقیم و استدعا ہے کہ پیشگاہ معلی سے حکم منظوری امور مصرحہ بالا صادر [illegible] سے زیادہ حد ادب

دولت و اقبال زیادہ باد

[illegible]

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۹ نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط خاص عالیجناب [illegible] چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

داخلہ ۱۱ نومبر ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب الحکم عالیجناب [illegible] صاحب چیف منسٹر بہادر ترمیم قانون ضابطہ فوجداری رامپور ۱۹۳۳ء میں تاریخ امروزہ سے دو سال کی توسیع منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کی جائے

دستخط [illegible]

[illegible] داخلہ ۱۳ نومبر ۱۹۳۶ء

[illegible] منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ حسب الحکم [illegible] صاحب چیف منسٹر بہادر [illegible] سکریٹری بہادر [illegible] منظوری [illegible] اپریل ۱۹۳۶ء [illegible] منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ کی جائے

[illegible]

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقعہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۵ نومبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات منظوری تقرر ڈاکٹر عطا محی الدین باشندہ ضلع غیر بشاہرہ ساٹھ روپیہ برائے ایکسال از یوم کارگزاری بر آسامی سب اسسٹنٹ سرجن۔ شفاخانہ ٹانڈہ پیش ہوکر طے پایا کہ:

حسب اتفاق فائنانس و مسٹر میڈیکل آفیسر و کسی مقامی امیدوار کی درخواست موصول نہ ہونے کے باعث ڈاکٹر عطا محی الدین باشندہ ضلع غیر کا تقرر امتحاناً برائے ایکسال از یوم کارکردگی بشاہرہ ساٹھ روپیہ سب اسسٹنٹ سرجن کی خالی آسامی پر منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقعہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ نومبر ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت منظوری تقرر آٹھ کس چپڑاسیان بشاہرہ داران نوے روپیہ در صیغہ مال بصراحت ذیل:

نام دفتر	تعداد چپڑاسیان	ماہانہ تنخواہ	تعداد کمی منشی دفتر	تنخواہ ماہانہ
اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	ایک	[illegible]	ایک	[illegible]
دفتر ناظم صاحب	ایک	[illegible]	.	.
دفتر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب	ایک	[illegible]	.	.
قرق امینان تحصیل ...	دو	[illegible]	.	.
حضور تحصیل	.	ایک	.	[illegible]
تحصیل ملک	...	ایک / ۲	...	[illegible]

پیش ہوکر طے پایا کہ

حسب اتفاق صیغہ فائنانس آٹھ کس چپڑاسیان کی آسامیاں حسب صراحت بالا منظور کیجاتی ہیں بجائے منشی دفتر ... کی ترمیم کیجائے بجٹ صیغہ مال میں چپڑاسیوں کے لئے چالیس روپیہ ماہانہ کی رقم منظور شدہ ہے۔ باقی مصارف کی گنجائش تاختم سال رواں بجٹ تحصیل خام جملہ تحصیلات سے نکالی جائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

واقعہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ نومبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت منظوری الاؤنس دس روپیہ ماہانہ صوبہ دار اسرار محمد خاں بابت انجام دہی کار متعلقہ نائب جیلر از ۱۰ جولائی ۱۹۳۶ء تا تقرر جدید نائب جیلر پیش ہوکر طے پایا کہ:

حسب اتفاق فائنانس و گنجائش بجٹ صوبہ دار اسرار محمد خاں کو اپنی خدمات کے علاوہ عہدہ نائب جیلر کی خدمات انجام دینے کے صلہ میں دس روپیہ ماہانہ الاؤنس تا عرصہ کارکردگی میں دلایا جانا منظور ہے۔

(حکم ہوا کہ)

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈر ہائے اسٹیٹ کونسل

۱۲ نومبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ نومبر ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیجناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابت تعیین آخر تاریخ وصول آمد ہائے تنخواہ و قبض الوصول صیغہ جات بہ سررشتہ آڈٹ بیس تاریخ ہر ماہ بجواب استفسار کونسل پیش ہو کر طے پایا کہ

صرف صیغہ پولیس کی برآمدہ رودادیں اور قبض الوصول کے لئے آڈٹ میں وصول ہونیکی آخری تاریخ ہر ماہ کی تیس مقرر کی جاتی ہے۔ باقی کل صیغہ جات ریاست کے لئے ہر ماہ کی بیس تاریخ آڈٹ میں پہونچنے کی آخر تاریخ بدستور مستمر رہیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم اسٹیٹ کونسل　　واقعہ ۷ نومبر ۱۹۳۶ء

حسب سفارش عالیجناب صاحبزادہ [illegible] منشی [illegible] سپرنٹنڈنٹ آفس ... ماہوار کو حسب استحقاق رعایتی رخصت ایک ماہ سولہ یوم از ۱۵ ستمبر ۱۹۳۶ء تا ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء نصف تنخواہ خاص منظور ہوئی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل برائے پیشی کونسل صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل کی خدمت میں مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے (دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اسٹیٹ کونسل　　واقعہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۶ء

حسب تحریر عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر، مولوی سید [illegible] مرحوم ایڈیشنل سول جج کی رخصت رعایتی پندرہ یوم حسب استحقاق از ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء تا یوم انتقال ۶ نومبر ۱۹۳۶ء بسلسلہ رخصت رعایتی سابقہ بہ پوری تنخواہ منظور کی جاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو اصل کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں پیش ہونے کے لئے صاحب سکرٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں۔

(دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر)